آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز بدھ 24 نومبر 2021ء بمطابق 18 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ نمبر 293

ژوب کوئٹہ قومی شاہراہ پر 47 اضافی چیک پوسٹیں ختم کر دی گئیں

یہ چیک پوسٹیں کچلاک، ژوب سمیت تین مختلف مقامات پر قائم کی جائیں گی جہاں سیکورٹی ادارے مشترکہ طور پر موجود ہوں گے، قومی شاہراہ این 50 پر ژوب سے کوئٹہ کے درمیان 28 چیک پوسٹوں کو کم کر کے 3 کر دیے

محکمہ داخلہ کے مطابق چیک پوسٹوں کے خاتمے اور مشترکہ چیک پوسٹوں کے قیام سے وقت کی بچت اور عوام کو سہولیات میسر آئیں گی ساتھ ہی کوئٹہ، صوبے کے دیگر علاقوں میں بھی اضافی چیک پوسٹیں ختم کی جائیں گی

بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر اضافی چیک پوسٹوں کے خاتمے کا عمل شروع کر دیا گیا ژوب کوئٹہ قومی شاہراہ پر 47 اضافی چیک پوسٹیں ختم کر دی گئیں، کوئٹہ ژوب شاہراہ پر اضافی چیک پوسٹوں کے خاتمے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر اضافی چیک پوسٹوں کے خاتمے کا عمل شروع کر دیا گیا ژوب کوئٹہ قومی شاہراہ پر 47 اضافی چیک پوسٹیں ختم کر دی گئیں، محکمہ داخلہ بلوچستان کے حکام کے مطابق بلوچستان میں قومی شاہراہوں پر قائم اضافی سیکورٹی چیک پوسٹوں کے خاتمے کے عمل شروع کر دیا گیا ہے پہلے مرحلے میں قومی شاہراہ این 50 پر ژوب سے کوئٹہ کے درمیان 50 چیک پوسٹوں کو کم کر کے تین کر دیا گیا ہے یہ چیک پوسٹیں کچلاک، ژوب سمیت تین مختلف مقامات پر قائم کی جائیں گی جہاں سیکورٹی ادارے مشترکہ طور پر موجود ہوں گے محکمہ داخلہ کے مطابق چیک پوسٹوں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
اہل تشیع ظہرین	12:30
اہل تشیع مغربین	6:15

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے سینیٹر سعید احمد ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی جنگی عزائم کو ناکام بنانے کیلئے عزم اور تیار ہے

پاکستان

پاکستان کی فضائیہ نے دوسرا بھارتی طیارہ 'ایس۔یو۔30' مار گرایا تھا جو 'ایل۔او۔سی' کی دوسری طرف جا کر گرا تھا۔ اسی روز افراتفری میں بھارتی فوج نے سری نگر کے قریب اپنا ہی 'ایم۔آئی۔17' ہیلی کاپٹر مار گرایا تھا

بھارتی فضائیہ کو اس روز مکمل طور پر شکست و ہزیمت کا منہ دیکھنا پڑا تھا' پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی کرنے کے ناکام مہم جوئی کی غلطی سے بھارت کو سبق سیکھنا چاہئے اور مستقبل میں ایسی کسی مہم جوئی سے باز رہنا چاہئے

فروری 2019 میں پاکستانی فضائیہ کا ایف 16 گرانے کا بھارتی دعویٰ پاکستان نے سختی سے مسترد کر دیا' فروری 2019 طرز کے ہر طرح کے بھارتی جنگی عزائم کو ناکام بنانے کے لئے پاکستان پرعزم اور تیار ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے فروری 2019 میں پاکستانی فضائیہ کا ایف 16 گرانے کا بھارتی دعویٰ سختی سے مسترد کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے اس بھارتی دعوے کو مکمل طور پر بے بنیاد قرار دیتے ہوئے سختی سے مسترد کر دیا ہے کہ فروری 2019 کو آزاد جموں و کشمیر میں پاکستان کی جانب سے گرفتار ہونے والے بھارتی پائلٹ نے گرفتاری سے قبل ایک پاکستانی ایف 16 طیارہ مار گرایا تھا۔ ترجمان کے مطابق مار گرائے جانے والے بھارتی طیارے کے پائلٹ کو اعزاز دیتے وقت پڑھا جانے والا تعارف بھارتی جعلسازی اور فرضی قصے کہانیوں کی ایک بہترین مثال ہے جس کا مقصد اپنے عوام کو خوش کرنا اور اپنی ہزیمت و رسوائی کو چھپانا ہے۔ ترجمان کے مطابق پاکستانی ایف 16 کی تعداد دیکھنے کے بعد عالمی ماہرین اور امریکی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے اپنی اہلیہ گورنر صوبائی اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل کی قیادت میں سنو وتھی کا وفد ملاقات کر رہے ہیں

اخبارات کو 5 ماہ سے ادائیگیاں نہ کرنیکی وجہ سے اخباری صنعت بحران کا شکار

صوبے میں انڈسٹریز نہ ہونیکی وجہ سے اخبارات کا دارومدار صوبائی حکومت کے اشتہارات پر ہوتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ اطلاعات بلوچستان کی اخبارات کو 5 ماہ سے ادائیگیاں نہ کرنیکی وجہ سے صوبے کی واحد اخباری صنعت بحران کا شکار ملازمین تنخواہوں سے محروم تفصیلات کے مطابق محکمہ اطلاعات بلوچستان کی اخبارات کو 5 ماہ سے ادائیگیاں نہ کرنیکی وجہ سے صوبے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستان کی جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کے ممتاز کارکن خرم پرویز کی گرفتاری کی شدید مذمت

نئی دہلی کی ریاستی دہشت گردی، جموں و کشمیر میں بنیادی انسانی حقوق کی بیہمانہ پامالیوں کا واضح ثبوت ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کے ممتاز کارکن خرم پرویز کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسانی حقوق کے لئے آواز بلند کرنے والے سرگرم کارکنان کی قابض بھارتی افواج کی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

جن لوگوں کے پاس بیرون ملک پاسپورٹ ہے وہ ہم سے زیادہ محب وطن ہیں، شہباز گل

اوورسیز پاکستانیوں کا دل نہ دکھایا جائے، یہ اپنا حق مانگ رہے ہیں، اوورسیز کو حق دینے کی بات ہوتی ہے تو سیاسی ماحول گرم ہو جاتا ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ جن لوگوں کے پاس بیرون ملک پاسپورٹ ہے وہ ہم سے زیادہ محب وطن ہیں، اوورسیز پاکستانیوں کا دل نہ دکھایا جائے، یہ اپنا حق مانگ رہے ہیں، اوورسیز کو حق دینے کی بات

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی، مزید پانچ افراد چل بسے، 315 نئے کیسز رپورٹ ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی، مزید پانچ افراد چل بسے، 315 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 315 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 5

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم عمران خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت نے تحریک طالبان پاکستان کی جانب سے سیز فائر کے اعلان کے بعد 100 سے زائد قیدیوں کو رہا کر دیا

پشاور (این این آئی) حکومت نے تحریک طالبان پاکستان کی جانب سے سیز فائر کے اعلان کے بعد 100 سے زائد قیدیوں کو رہا کر دیا جن میں اکثریت کا تعلق انٹرنمنٹ سینٹرز سے ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومت نے تحریک طالبان کے 100 سے زائد قیدیوں کو رہا کر دیا ہے۔ رہائی پانے والوں میں اکثریت ان لوگوں کی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سبزی منڈی کے قریب دو گاڑیوں میں تصادم ایک ہی خاندان کے 6 افراد زخمی ہو گئے

خضدار (این این آئی) سبزی منڈی کے قریب دو گاڑیوں میں تصادم ایک ہی خاندان کے 6 افراد زخمی ہو

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق 25 نومبر کو صبح 10

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 3 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 3 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

گوادر کسٹمز نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے 38 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لیں

کوئٹہ (این این آئی) گوادر کسٹمز نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے 38 کروڑ روپے مالیت کی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مشیر خزانہ شوکت ترین کو سینیٹر بنانے کی راہ ہموار، سینیٹر ایوب آفریدی کا استعفیٰ منظور کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ شوکت ترین کو سینیٹر بنانے کی راہ ہموار، سینیٹر ایوب آفریدی کا استعفیٰ

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

کرم تنگی ڈیم پراجیکٹ کا پہلا مرحلہ جون 2023 میں مکمل ہوگا

لاہور (این این آئی) کرم تنگی ڈیم پراجیکٹ کا پہلا مرحلہ جون 2023 میں مکمل ہوگا۔ مشیر پیشہ پختونخوا کے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان نے مختلف ممالک میں 5 نئے قونصل خانے کھولنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے مختلف ممالک میں 5 نئے قونصل خانے (قونصلیٹ)

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

احساس راشن رعایت کے لیے ہر گھرانے کا ایک ہی فرد اہل ہوگا، ثانیہ نشتر

اسلام آباد (این این آئی) احساس راشن رجسٹریشن کے لیے ایس ایم ایس سروس کا آغاز کر دیا

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ہمیں اپنے مستقبل کیلئے تیاری کرنے کی ضرورت ہے، عارف علوی

دنیا میں جنگوں کے میدان تبدیل ہو رہے ہیں، ہمارے تمام اداروں کو سائبر سیکورٹی کی ضرورت ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے آسان آن لائن ووٹنگ سسٹم شروع کرنے کی کوششیں جاری ہیں

تارکین وطن کا قومی معیشت میں اہم کردار ہے، ان کے حق رائے دہی سے محروم کرنا بڑا امتیازی سلوک ہو سکتا ہے، ڈاکٹر عارف علوی کا بیرون ملک مقیم پاکستانیوں سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے مستقبل کے لئے تیاری کرنے کی ضرورت ہے، دنیا میں جنگوں کے میدان تبدیل ہو رہے ہیں، ہمارے تمام اداروں کو سائبر سیکورٹی کی ضرورت ہے۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے دوسری سالانہ سائبر وارفیئر اینڈ سیکورٹی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں بڑی تیزی سے تبدیلیاں آ رہی ہیں، ہمیں اپنے مستقبل کے لئے تیاری کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں سائبر سیکورٹی کو انتہائی اہمیت حاصل ہے، جدید کمپیوٹر سالوں کا کام دنوں میں مکمل کر لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ٹیکنالوجی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی انٹرنیشنل کانفرنس سی ڈیلیوایس سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت ملک میں اقتصادی سرگرمیوں کو بڑھانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیر اعظم

وزیر اعظم نے سی پیک فیز 2 سے متعلقہ تمام اقدامات کو معینہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں

سی پیک کے تحت منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور ترقیاتی کاموں کی رفتار بڑھانے کیلئے باقاعدہ سسٹم کا آغاز کر دیا گیا، عمران خان کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں اقتصادی سرگرمیوں کو بڑھانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ منگل کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری کے فیز 2 پر پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ برآمدی صنعت میں سرمایہ کاری بڑھنے سے روزگار کے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، سرمایہ کاروں کو مفید ماحول کی فراہمی کیلئے تمام

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

امریکی وفد کی ڈاکٹر معید یوسف سے ملاقات، افغانستان کی صورتحال اور پاک امریکا دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

افغانستان میں کارکنوں کو تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے بینکنگ چینل کی ضرورت ہے، ڈاکٹر معید یوسف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) امریکی ایوان نمائندگان کے رکن کانگریس کریگوری میکس کی سربراہی میں 4 رکنی امریکی وفد نے ڈاکٹر معید یوسف سے ملاقات کی، حکام نے افغانستان کی صورتحال اور پاک امریکا دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر معید یوسف نے کہا کہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے، وزیر داخلہ

پنجگور میں دہشتگردوں کی سیکیورٹی فورسز کی پیٹرولنگ پارٹی پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

عوام کے جان و مال کو تحفظ اور امن و امان کو برقرار رکھنا صوبائی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے پنجگور میں دہشتگردوں کی سیکیورٹی فورسز کی پیٹرولنگ پارٹی پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری فورسز دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں، وطن کی بقاء کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کر رہی ہے حکومت اور سیکورٹی فورسز مل کر ملک سے دہشتگردی کا خاتمہ کرنے کے لیے کردار ادا کر رہی ہیں دہشتگردی کرنے کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ایسے واقعات سے فورسز کے حوصلے پست نہیں کئے جا سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی دین و مذہب نہیں ہوتا جبکہ دہشت گردوں کا توانسانیت سے ہی کوئی تعلق نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کو تحفظ اور امن و امان کو برقرار رکھنا صوبائی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے حکومت کسی صورت اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں ہوں گے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سندھ سے افسران کے تبادلے کا معاملہ مزید شدت اختیار کر گیا، وزیر اعلیٰ سندھ کا وزیر اعظم کو خط

سندھ میں تعینات 5 افسران کے تبادلوں سے صوبائی حکومت نے انکار کر دیا، افسران کے تبادلے رولز کی شق 15 کے تحت ہوتا ہیں، خط کا متن

کراچی (این این آئی) سندھ سے افسران کے تبادلے کا معاملہ مزید شدت اختیار کر گیا۔ وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ نے وزیر اعظم عمران خان کو خط لکھ دیا ہے۔ سندھ میں تعینات 5 افسران کے تبادلوں سے صوبائی حکومت نے انکار کر دیا ہے۔ سول سروس آف پاکستان میں شامل افسران کے تبادلے رولز کی شق 15 کے تحت ہوتا ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاق اور سندھ کے درمیان کے تبادلوں کا معاملہ حل نہ ہو سکا۔ وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ نے سندھ کابینہ کے فیصلے سے وزیر اعظم کو آگاہ کر دیا ہے۔ ایک دوسرے کو خطوط کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

سابق چیف جسٹس (ر) ثاقب نثار کی مبینہ آڈیو پر اپوزیشن نے سوالات اٹھا دیئے

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیف جسٹس آف پاکستان، جسٹس (ر) ثاقب نثار کی مبینہ آڈیو ٹیپ سے بھی سیاست میں ہلچل مچا دی، سنگ ارشد ملک کی ویڈیو کے بعد چیف جسٹس (ر) ثاقب نثار کی آڈیو پر اپوزیشن نے سوالات اٹھا دیئے۔ حزب اختلاف کی سب سے بڑی جماعت ن لیگ نے آڈیو کا فارنزک کرانے اور معاملے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

منصوبہ بندی کمیشن نے 61 ارب روپے سے زائد مالیت کے 6 منصوبوں کی منظوری دیدی

بلوچستان کے ضلع مند کے علاقے کیچ میں 18.39 کروڑ سے مشترکہ بارڈر مارکیٹ کے قیام کی منظوری دیدی گئی

سی ڈی ڈیلوپی نے 60 ارب 64 کروڑ مالیت کے 3 ترقیاتی منصوبے اینگ کو بھجوا دیئے

اسلام آباد (این این آئی) منصوبہ بندی کمیشن نے 61 ارب روپے سے زائد مالیت کے 6 منصوبوں کی منظوری دیدی۔ منگل کو اپنی چیئرمین پلاننگ کمیشن ڈاکٹر محمد جہانزیب خان کی زیر صدارت سی ڈی ڈیلوپی کا اجلاس ہوا جس میں سی ڈی ڈیلوپی نے 60 کروڑ مالیت کے 3 ترقیاتی منصوبے منظور کر لئے، سی ڈی ڈیلوپی نے 60 ارب 64 کروڑ مالیت کے 3 ترقیاتی منصوبے اینگ کو بھجوا دیئے، منظور کئے گئے منصوبوں میں تجارت، صنعت، ٹرانسپورٹ اور مواصلات کے منصوبے شامل

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

نوجوانوں کی تعلیم سے گہری دلچسپی روشن مستقبل کی ضمانت ہے

گورنر بلوچستان

اعلیٰ تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے اور انکے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھانا ہماری ذمہ داریوں میں شامل ہے

آج کے نوجوان صرف ہمارے روشن مستقبل کے معمار نہیں ہیں بلکہ وہ ہمارے حال کے بھی شراکت دار ہیں، گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ آج کے نوجوان صرف ہمارے روشن مستقبل کے معمار نہیں ہیں بلکہ وہ ہمارے حال کے بھی شراکت دار ہیں لہٰذا ان کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے، اعلیٰ تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے اور انکے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھانا ہماری ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ پنجاب کے اچھے تعلیمی اداروں میں صوبے بھر کے طلباء و طالبات کیلئے سکالرشپ کی بحالی کے علاوہ اس میں وقت کے ساتھ مزید وسعت پیدا کرنا بھی ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل کی قیادت میں طلباء و طالبات کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبہ بھر کے طلباء و طالبات کے تعلیمی ذوق و شوق کو سراہتے ہوئے گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ ہمارے نوجوانوں کی تعلیم سے گہری دلچسپی ہی ہمارے روشن مستقبل کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بیماری کے مختلف علاقوں میں بجلی کی عدم فراہمی پر احتجاجی مظاہرہ، احتجاج کے دوران فائرنگ سے 3 نوجوان زخمی

کے الیکٹرک بے لگام گھوڑا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں، واقعے کی تحقیقات ہونے چاہیے، کے الیکٹرک ویسے ہی دہشت گرد ہے

اب گولیاں بھی چلائیں جا رہی ہیں، ایک بچے کی ٹانگ پر تین گولیاں لگیں، حافظ نعیم الرحمن کی سول اسپتال میں میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) لیاری کے مختلف علاقوں میں بجلی کی عدم فراہمی پر مشتعل افراد نے موسیٰ لین میں کے الیکٹرک کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اس دوران نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 نوجوان زخمی ہو گئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے سول اسپتال لیجایا گیا جہاں ان کی شناخت 13 سالہ محمد فاروق، 19 سالہ مرزا اور 23 سالہ سہیل کے نام سے کی گئی جس کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ اس موقع پر مظاہرین نے کہا کہ کئی کئی گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ نے عاجز کیا ہوا ہے،

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ کیخلاف تحریک لانے کا اچھا موقع ہے، مصطفیٰ نواز

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پیپلز پارٹی سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا ہے کہ اس وقت اچھا سیاسی موقع ہے، چیئرمین سینیٹ کے خلاف تحریک لائی جا سکتی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سینیٹ میں ہماری اکثریت تو ہے لیکن اسے اقلیت میں بدل دیا گیا تھا، اب معلوم ہو جائے گا کہ اس بار بھی اکثریت کو اقلیت میں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی اولین ترجیح ہے، سردار محمد صالح بھوتانی

اپنے لوگوں کے ذریعہ معاش کو ہر ممکن طریقے سے تحفظ فراہم کریں گے ہمارا جینا اور مرنا آپ لوگوں کے ساتھ ہے آپ لوگوں کی خوشحالی میں ہماری خوشی ہے

لسبیلہ کے زراعت اور اس سے منسلک لوگوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی طور پر اقدامات کئے جائیں گے، سینئر صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان

لسبیلہ (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی کہا ہے کہ لسبیلہ زرعی ضلع ہے اور یہاں کے بیشتر لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے لسبیلہ کے زراعت اور اس سے منسلک لوگوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی طور پر اقدامات کئے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے ایک روزہ دورہ پر عوامی رابطہ آفس وندر میں زمینداروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے زمینداروں کی جانب سے نکلی کے حالیہ بحران اور فلیٹ ریٹ کی بحالی اور کے الیکٹرک کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے زمینداروں کے ساتھ غلامانہ طرز کے رویے کی شکایت پر کہا کہ آپ لوگ لاوارث نہیں ہیں انشاءاللہ عنقریب فلیٹ ریٹ کی بحالی اور کے الیکٹرک کے حکام کی جانب سے لسبیلہ کے زمیندار پیشہ لوگوں سے نامناسب رویے کے حوالے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کاغو میں باغیوں نے گاؤں کو آگ لگا دی، 6 بچوں سمیت 12 افراد ہلاک

کنشاسا (این این آئی) افریقی ملک کانگو میں مسلح باغیوں نے ایک گاؤں پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 6 بچوں اور 2 خواتین سمیت 12 افراد ہلاک ہو گئے۔ عالمی میڈیا کے مطابق کانگو کے صوبے اتیوری میں مسلح باغیوں نے ایک ایسے گاؤں پر حملہ کر دیا جہاں بے گھر افراد

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

آئندہ 3 ماہ میں یورپ میں کورونا سے مزید 7 لاکھ اموات کا خدشہ ہے، ڈبلیو ایچ او

اسلام آباد (این این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے مارچ 2022 تک یورپ میں کورونا وائرس سے مزید 7 لاکھ ہلاکتوں کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق عالمی ادارہ صحت نے حالیہ عرصے میں یورپ میں کورونا کیسز کی تعداد میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہی صورت حال رہی تو مارچ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

تباہی سرکار نے مہنگائی کی سونامی کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے، سینیٹر شیری رحمن

قیمتوں میں اضافے کے ساتھ اب پیٹرولیم لیوی بھی عوام سے وصول کی جائے، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمن نے کہا ہے کہ تباہی سرکار نے مہنگائی کی سونامی کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ حکومت نے بجٹ میں پیٹرولیم لیوی کا ہدف 610 ارب روپے رکھا تھا، قیمتوں میں اضافے کے ساتھ اب پیٹرولیم لیوی بھی عوام سے وصول کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اب پیٹرول کی قیمت اضافے کے ساتھ ہر ماہ 4 سے 5 روپے فی لیٹر لیوی بھی عائد کی جائے گی، آنے والے ماہ میں حکومت پیٹرول کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر خزانہ شوکت ترین پی ایس ڈی پی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جعلی ویڈیو بنانے کا مقصد عدلیہ کو دباؤ میں لانا تھا، فواد چوہدری

سپریم کورٹ بار کا لاہور کانفرنس کے دوران ججوں اور فوج کے خلاف تقاریر سے لاتعلقی کا اظہار خوش آئند امر ہے

''مجھے کیوں نکالا'' کی مہم کی طرح ان کا خیال تھا فوج کی طرح جج بھی دباؤ میں آ جائیں گے، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ بار کی جانب سے لاہور میں ہونے والی کانفرنس کے دوران ججوں اور فوج کے خلاف تقاریر سے لاتعلقی کا اظہار خوش آئند امر ہے، ان لیگ کی طرف سے پہلے بھی ویڈیو جاری کی جا چکی ہیں، جعلی ویڈیو بنانے کا مقصد عدلیہ کو دباؤ میں لانا تھا، ''مجھے کیوں نکالا'' کی مہم کی طرح ان کا خیال تھا فوج کی طرح جج بھی دباؤ میں آ جائیں گے، ''مجھے کیوں نکالا'' کی مہم کی طرح ان کا خیال تھا فوج کی طرح جج بھی دباؤ میں آ جائیں گے، جب قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو میڈیا میں ہیڈ لائنیں لگا دی جاتی ہیں، کم ہوتی ہیں تو میڈیا لوگوں کو آگاہی نہیں کرتا، مراد علی شاہ اپنے معاملات کو ٹھیک کریں۔ کابینہ اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ بار کی جانب

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

این اے 133 میں کسی جماعت کی حمایت نہیں کر رہے، لیاقت بلوچ

ملک پر وڈیروں، کرپٹ سرمایہ داروں کا قبضہ ہے، عوام کے وسائل کو ہڑپ کر رکھا ہے، قائمقام امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) قائمقام امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ کرپشن، مہنگائی اور بیروزگاری کے طوفان نے 22 کروڑ عوام کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے۔ وزیر اعظم اور ان کی ٹیم مکمل طور پر ناکام ہو گئے ہیں۔ تبدیلی اور ریاست مدینہ کے دعوے جھوٹ کا پلندہ ثابت ہوئے۔ سوا تین سالوں میں حکومت نے عوامی فلاح کے لیے ایک قدم نہیں اٹھایا۔ پی ٹی آئی کی طرف سے متعارف کرائی گئی الیکشن ریفارمز آئندہ الیکشن کو بلڈوز کرنے کا منصوبہ ہے۔ الیکٹرانک

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ملک میں نظام عدل کا نظام سب کے سامنے ہے، شاہد خاقان عباسی

جسٹس ثاقب نثار کی آڈیو اور رانا ثنا کے بیان حلفی سے (ن) لیگ کا کوئی تعلق نہیں، ملکی معیشت اور حالات کی خرابی میں نیب کا بڑا کردار ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں نظام عدل کا نظام سب کے سامنے ہے، سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کی آڈیو اور رانا ثنا کے بیان حلفی سے (ن) لیگ کا کوئی تعلق نہیں، ملکی معیشت اور حالات کی خرابی میں نیب کا بڑا کردار ہے۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ حکومتی کرپشن کے باعث ملکی معیشت زبوں حالی کا شکار ہوئی۔ آئین پر عمل پیرا ہو کر ہی مہنگائی کو ختم کیا

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز، 1 مسریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

24 نومبر 2021ء

بلوچستان میں مختلف شاہراہوں پر 997 حادثات میں 126 افراد لقمہ اجل

بلوچستان میں مختلف شاہراہوں پر 997 حادثات میں 126 افراد لقمہ اجل بنگیا۔ 1389 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ بلوچستان یوتھ ایڈوسول سوسائٹی کے مطابق گزشتہ ماہ بلوچستان کے مختلف شاہراہوں پر 997 حادثات پیش آئے جسمیں ہزار گنجی، قمبر ابی روڈ، سریاب روڈ، ناواں کلی، ایئرپورٹ روڈ، میاں غنڈی، کچلاک، بوستان، منگچر، قلات، مڈوے، کوہ مران، قلات مستونگ، کھڈ کوچہ، غنجہ ڈوری، کردگاپ، کانک، کنڈ عمرانی، پشین، یارو، سرانان، نمرخ روڈ، عبدالرحمان کراس پر 247 حادثات میں 32 افراد جاں بحق جبکہ 334 افراد زخمی، خضدار سے بیلہ، ونہ، سوراب، حب چوکی، آدرمان، شاہ نورانی کے شاہراہوں پر 428 حادثات میں 27 افراد جاں بحق جبکہ 577 زخمی، مڑوب، لولائی سکنر، لاڈ ڈھم، خانوزئی، کان مہترزئی، قلعہ عبداللہ، سلم باغ نزیارت، قلعہ سیف اللہ، طلوزئی کلی پرانا چھک، کلی دلی، ژوب ذی آئی خان شاہراہ، ژوب سنگر کے درمیان شاہراہوں پر 163 حادثات میں 32 افراد جاں بحق جبکہ 260 زخمی ہوگئے ہیں۔ اسی طرح گوادر، جیوانی، پسنی، تربت، پنج، بلیچگور، کوئل بائی وے، ہیسہ، واشک، نوشکی، خاران، سینڈک، چاغی، نوکنڈی، دالبندین، پدگ کے درمیان شاہراہوں پر 39 حادثات میں 14 افراد جاں بحق جبکہ 63 زخمی، سبی، نصیر آباد، ڈیرہ مراد، جنترآباد، سوئی، رکنی، کوہلو، چھتر، مختیار آباد، توتال، اوستہ محمد کے درمیان 120 حادثات میں 21 افراد جاں بحق جبکہ 155 زخمی ہوگئے ہیں۔

ایران اور افغانستان (آخری قسط)

انہیں صرف اقتدار سے واسطہ ہوتا ہے۔ میں کچھ دنوں کے لئے کوئٹہ بھی گیا۔ وہ شیعہ سنی اتحاد اور اسلام کے آفاقی پیغام کو پس پشت کر کے پھر اسلام کے ازلی دشمن امریکا کے ساتھ اتحاد کر کے شام، عراق، یمن اور مشرق وسطیٰ جہاں سنی اکثریت ہے پر بھی تکفرانی کے خواب دیکھ رہے ہیں اور امریکا کے ساتھ مل کر ان ملکوں کی شیعہ آبادی کو آگ سا رہے ہیں وہ اسطرح ایک بار پھر امریکہ کے چنگل میں پھنستے چلے جا رہے ہیں۔ اور اسلام کی آفاقی سوچ سے ہٹ کر فرقہ واریت کی بندگی والی سوچ کے پیچھے پڑ چکے ہیں۔ امریکا نے ایرانی حکمرانوں کو رضا شاہ پہلوی والا سبق پھر سے پڑھانا شروع کر دیا ہوا وہ اپنا رشتہ اسلام سے توڑ کر اسلام سے پہلے والی پرانی ایرانی تاریخ کے پجاری بننے جا رہے ہیں۔ اسی سوچ کا اظہار علی یونسی صاحب کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے۔

اگر اس سوچ کو موجودہ حالات سے پہلے کے حالات سے ملا کر جائزہ لیا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ امریکا نے ایرانی حکمرانوں کو پہلے طالبان کے خلاف استعمال کیا۔ طالبان اسلامی حکومت جس نے امریکا کے خلاف کوئی بھی دہشت گردی نہیں کی تھی، اُسامہ بن لادن کی بنیاد پر بنا کر افغانستان کا تورا بورا بنا دیا تھا۔ شمالی افغانستان جس میں شیعہ ہزارہ لوگ رہتے ہیں اُن کو ایرانی حکمرانوں کی ایما پر طالبان کے خلاف کیا گیا۔ اور ایک وقت آیا کے طالبان اور ایران کی فوجیں ایک دوسرے کے خلاف سرحدوں پر پہنچ گئیں تھیں۔ ایران کے حمایت یافتہ افغان حکومت میں شیعہ افراد کی زیادہ تعداد داخل کر دی گئی ہے۔ عراق شام کے سرحدی علاقوں میں نئی قائم ہونے والی داعش سنی حکومت سے امریکہ کے ساتھ مل کر ایران کی ملیشیا لڑ رہی ہے۔ جس پر ایران نے آگے بڑھ کر عراق کو اپنا حصہ قرار دے دیا ہے۔ یمن میں بھی ایسا ہی ہوا ہے۔ شام میں بھی شیعہ اقلیت کی بشار حکومت کی مدد کی جا رہی ہے۔ یہ دو نصاریٰ کے بڑی مہارت سے سنی شیعہ کو متقابل کھڑا کر دیا ہے۔

موجودہ تناظر میں ہم اپنے کالموں میں اکثر اس بات کو زور دے کر کہتے رہتے ہیں کہ مسلم دنیا کے جن ملکوں میں شیعہ آبادی زیادہ ہے اُس میں شعیوں کو حکومت کا حق زیادہ ہے اور جن ملکوں میں سنیوں کو حکومت کرنے کا حق ہونا چاہیے۔ رہا شیعہ سنی مقابلہ تو اس کا فیصلہ اللہ اصحاب مسلک کا لحہاں ہوا آمین۔

خوش خبریوں کا موسم (آخری قسط)

ایم کیو ایم نے آصف زرداری کو نہیں کیا تھا جتنا وہ پیپلز پارٹی کو کوس رہے ہیں۔ بہرحال اب ہی وی ایم کے آنے سے یہ مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ مسئلہ تو واقعی حل ہو

پروفیسر رفعت مظہر

سکتا ہے شرط مگر یہ کہ زورآوروں کا موڈ نہ بدل جائے کیونکہ اگر موڈ بدل آیا تو بھی ای وی ایم تحریک انصاف کی جڑوں میں بھی بیٹھ سکتی ہے۔

حکمرانوں کے ذہن کو ایک چھوٹی سی اڑچن الیکشن کمیشن کی باقی ہے جو "ایوں خوانخواہ رولا ڈال کر" مفضول قسم کے 37 اعتراضات اُٹھا رہا ہے۔ سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر شبلی فراز کا کہنا ہے کہ 37 میں سے 27 اعتراضات کا تو ای وی ایم سے براہ راست کوئی تعلق ہی نہیں اور باقی 10 اعتراضات دور کر دیئے گئے ہیں جبکہ الیکشن کمیشن کے مطابق کسی ایک اعتراض کا بھی شافی جواب نہیں مل سکا۔ ان 37 اعتراضات میں سے ایک اعتراض یہ ہے کہ ای وی ایم سے ووٹ کی سیکریسی قائم نہیں رہ سکے گی جس سے ووٹ کا تقدس مجروح ہوگا جو خلاف آئین ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ صاحبانِ حکم! جہاں جھوٹی سزائے موت پر دھڑلے سے عمل درآمد کرنے والے سپریم کورٹ کے جسٹس کھوسہ سمن شاہ افراد کریں کہ جھوٹی سزائے موت کا فیصلہ "دباؤ" کے تحت کیا گیا، جہاں جسٹس مولوی مشتاق کے جھوٹی سزا کے فیصلے پر تادم مرگ پشیمانی رہے، جہاں جسٹس قیوم ملک فیصلہ کرنے کے لیے حکمرانوں کے حکم کا منتظر رہے۔

جہاں نواز شریف کو 7 سال قید کی سزا تنا نے والا احتساب عدالت کا جج اپنے بیان حلفی میں کہے کہ اسے غیر اخلاقی ویڈیو دکھا کر بلیک میل کیا گیا، جہاں گلگت بلتستان کا چیف جج بیان حلفی دے کہ اُس کی موجودگی میں چیف جسٹس آف پاکستان نے اسلام آباد بائیکوٹ کے جسٹس کوفون پر حکم دے کہ نواز شریف اور مریم نواز کی الیکشن 2018ء سے پہلے ضمانت نہیں ہونی چاہیے، جہاں اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کے لیے "اقلیتی" کا سہارا لیا جائے، جہاں قومی اسمبلی میں اکثریت کے باوجود سینیٹر الیکشن طیفنۃ گیلانی سینیٹ میں اکثریت کے باوجود چیئرمین سینٹ کا الیکشن یوسف رضا گیلانی ہار جائیں، جہاں الیکشن 2018ء میں ایک سیاسی جماعت کی شکست دیکھ کر عمران موقعہ پرآ ٹی ایس مسنم بنلوا دیا جائے، جہاں صدر مملکت میں 20 پریذائیڈنگ آفیسرز غائب کر دیئے جائیں، وہاں یہ کہنے بغیر کوئی چارہ نہیں کہ جسٹس مقبول کا مولوی تمیز الدین کیس میں دیا گیا "نظریہ ضرورت" آج بھی جاری وساری ہے۔ زورآوروں کو جب بھی ضرورت محسوس ہوتی ہے "نظریہ ضرورت" اُبھر کر سامنے آ جاتا ہے۔

تحریکیں کہتے ہیں عجیب بات ہے کہ ہمارے الیکشن کمیشن کو اب آئین یاد آ گیا۔ جس میں 90 فیصد سے زائد آئین سازوں نے تو شاید آئین کی کتاب کھول کر بھی نہیں دیکھی ہوگی۔ جب 37 سالوں تک جمہوریت مارشل لاؤں کے ذری لونڈی گھر کی باندی بنی رہی، جب آئین کہاں تھا؟۔ کیا الیکشن کمیشن نے مارشل لاؤں کے دوران الیکشن نہیں کروائے؟۔ اگر کروائے تو پھر کس آئین کے تحت؟۔ یقیناً اُس وقت بھی جسٹس منیر کا "نظریہ ضرورت" ہی کام آیا ہوگا۔ اگر ایسا ہی ہے تو پھر ہماری ای وی ایم کو بھی "نظریہ ضرورت" ہی سمجھ لیا جائے کیونکہ ہمیں نئے پاکستان کی تشکیل کے لیے کم از کم 10 سال مزید چاہئیں جو ای وی ایم ہی کے ذریعے ہی ممکن ہے، اب "ساڈی وی رولا کیوں؟"۔ ابھی تو ہم نے قوم سے کیے گئے سارے وعدے پورے کرنے ہیں۔ ابھی ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھر دینے ہیں۔ ابھی گھوڑ، ڈھچوں، مرغیوں اور انڈوں کے ذریعے ملکی معیشت کو پاؤں پر کھڑا کرنا ہے۔ ابھی سارے قرضے اُتارنا کرنا ہیں ابھی ایف بی آر میں حرف بھیجنے ہیں اور ابھی تو ہم نے "ریاستِ مدینہ" تشکیل دینی ہے۔ صاحبانِ فکر خوب جانتے ہیں کہ ان مقاصد کی تکمیل کے لیے کم از کم 20 سال درکار ہیں۔ ہم نے صرف 10 سال ہی مانگے ہیں اور پھر حاسدوں کے پیٹوں میں مروڑ کیوں؟۔

الیکشن کمیشن کے دیگر اعتراضات کا خلاصہ یہ ہے کہ پولنگ سٹاف کی ٹریننگ کے لیے وقت درکار ہے، ہر پولنگ بوتھ کے لیے ایک ٹی پی ایم کی ضرورت ہے، 2018ء کے انتخابات میں 2 لاکھ 40 ہزار پولنگ بوتھ تھے جو 2023ء کے انتخابات میں 3 لاکھ ہو جائیں گے۔ اس لیے 3 لاکھ اکاؤنٹی مابرین درکار ہونگے۔ اگر کسی پولنگ سٹیشن پر 20 سے زائد اُمیدوار ہوں گے تو ایک اگلے ای وی ایم درکار ہوگی (گزشتہ الیکشن میں آدھے سے زائد پولنگ سٹیشنوں پر 20 سے زائد اُمیدوار تھے)۔ ایسی صورت میں مزید ایک لاکھ ای وی ایم درکار ہوں گی۔ خراب ہونے کے خدشے کے پیش نظر مزید 5 لاکھ اضافی ای وی ایم کی بھی ضرورت ہوگی۔ یہ ای وی ایم جدید ٹیکنالوجی سے لیس نہیں ہیں اس لیے 2028ء کے عام انتخابات میں یہ ای وی ایم ناقابل استعمال ہو جائیں گی۔ اگر قومی وصوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ایک ہی دن کروائے جائیں تو 30 لاکھ مشینوں درکار ہوں گی جن کی حفاظت کے لیے ڈیٹا سنٹر قائم کرنا پڑے گا۔ اس تمام پراسیس پر 150 سے 200 ارب روپے کی خطیر رقم صرف ہوگی جبکہ 2018ء کے عام انتخابات میں 20 سے 25 ارب روپے کے اخراجات ہوئے تھے۔ زائد قرم کہاں سے لی جائے گی؟۔ جہاں تک زائد رقم کے حصول کا تعلق ہے تو وہ بجلی، پٹرول اور گیس مہنگی کر کے وصول کی جا سکتی ہے۔ ہماری حکومت کے عظیم کھرب خور جان بچے ہیں کہ مہنگائی جتنی بھی چاہے کر دو یہ قوم صبر کرے گی۔ اگر پھر بھی پیسے پورے نہ ہوں تو آئی ایم ایف زندہ باد جس کی 5 کڑی شرائط ہم مان چکے۔ پہلی شرط سٹیٹ بینک ترمیمی بل کی منظوری سے پوری کر دی گئی۔ اس ترمیم کے بعد گورنر سٹیٹ بینک کو مکمل طور پر خود مختار بنا دیا گیا۔ دوسری شرط بجلی اور گیس کے نرخ بڑھانے کی تھی، یہ اضافہ بھی کیا جا چکا۔ تیسری شرط ٹیکسوں میں دی گئی چھوٹ کا خاتمہ، چوتھی شرط سود میں اضافہ۔ یہ شرائط بھی پوری کر دی گئیں۔ پانچویں شرط ڈالر ریٹ 200 روپے تک بڑھانا ہے جس کا شیدہ ہے کہ وعدہ کیا جا چکا۔ الیکشن کمیشن کے دیگر اعتراضات کا تعلق ہے اُن کا جواب بھی حکومت کے پاس ہے۔ الیکشن ایکٹ میں ترمیم کر کے ہم الیکشن کمیشن کو بلا رکاوٹ وقت دکھا رہے، ہر پولنگ بوتھ کے لیے ایک ٹی پی ایم کی ضرورت ہے، 2018ء کے انتخابات میں 2 لاکھ 40 ہزار پولنگ بوتھ تھے جو 2023ء کے انتخابات میں 3 لاکھ ہو

چیف شیڈ / مجمد طاہر جمالدینی، ایڈیٹر بلوچ فون نمبر 2470990-081 فیکس 2470991-081، ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور بلی بلاڈ، فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد، موبائل 0300-9847010، فون نمبر 051-8311450، فیکس نمبر 051-8311450، ای میل isb33@yahoo.com
بیورو چیف اور سینئر صحافی نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر / مجمد طاہر جمالدینی، ایڈیٹر بلوچ فون نمبر 2470990-081 فیکس 2470991-081، ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور بلی بلاڈ، فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد، موبائل 0300-9847010، فون نمبر 051-8311450، فیکس نمبر 051-8311450، ای میل isb33@yahoo.com

پاکستان کی خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کی ضرورت



تربر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

امجاس سے آنے والی خبروں اور خصوصاً تصاویر نے پاکستان میں ایک نئی بحث کو جنم دیا۔ امجاس کے دوران عمران خان اور بنیوں کے درمیان قریبی علاقات کو پاکستانی میڈیا نے خوب کوریج دی اور اسے پاکستان اور روس کے درمیان فاصلوں کی کمی کی جانب اہم قدم قرار دیا۔ امجاس میں عمران خان اور پوتن کے ساتھ ساتھ بیٹھنے، دونوں کے گھوڑے مصر اور ایس سی او سربراہان کے ساتھ بنے والی اور اجتماعی تصویر میں شاندار بنائے گئے رہے نے دونوں ملکوں کے بہتر سے بہتر تعلقات کیلئے استعارے کے طور پر استعمال کیا گیا۔ اخبارات اور ٹی وی چینلوں سے زیادہ سوشل میڈیا پر ان ملاقاتوں اور تصاویر کی دھوم مچی اور وہاں عمران خان اور پوتن کی شخصیات اور پالیسیوں میں پائی گئی وہ ملی ملتی کوبھی زیر بحث بنایا گیا۔ اس دوران یہ سوال بھی اٹھایا گیا کہ اسلام آباد اور ماسکو کے قریب آنے کے کتنے امکانات ہیں اور کیا حالیہ دنوں میں ایسا کچھ ہوا ہے یا نہیں؟ اور ایسا ہونے یا نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟

تاریخی طور پر پاکستان اور روس کے تعلقات میں کسی نشیب وفراز دیکھنے میں آتے ہیں۔ یہی دونوں ملک اتنے قریب کے رہے ہیں کہ پاکستان کے صنعتی شہر کراچی میں سٹیل مل قائم کرنے میں مجبور ہوا اور اوکیلیو مدفراہم کی جبکہ دوسری طرف افغانستان جنگ کے دوران اسلام آباد اور ماسکو کے درمیان دوریاں اپنے عروج پر پہنچ گئیں۔ تاہم بعض ماہرین کے خیال میں جنرل کیانی کے روس کے دورے کے شروعات کا شمرہ کہ اب دونوں طرف برف پگھلنی شروع ہوئی تھی اور اب پاکستان اور روس کے تعلقات میں نرمی اور گرمی پیدا ہوتی محسوس ہو رہی ہے۔ خطے کے سیاسی معاملات درمیان بڑھتی قربتوں کو بہت سمت بڑھنے سیروں کی پالیسی میں واضح تبدیلی دیکھنے میں آرہی ہے اور چینی دی داسل عمدہ پوتن کی سوچ میں تبدیلی کی مرہون منت ہے۔ پوتن اب دنیا کو نقطہ اختلاف دیکھنے اور کیلئے پاکستان ایک اہم ملک ہے اور اس کی واحد حد بنا کا ہے کی جغرافیائی (نیو جیوپلٹیکل) اہمیت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب افغان خارجہ پالیسی میں پاکستان کیلئے سکالی اور تبدیلی واضح طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔ یشفرتھک تھنکس کے ماہرین بھی سرد جنگ کے خاتمے کے بعد سے پچھلی مرتبہ خطے میں جیوسٹریٹیک رخانات کے پاکستان اور روس کیلئے دوطرفہ تعلقات بہتر بنانے کی راہ ہموار کی ہے۔ ماہرین کے مطابق پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع دوطرفہ سے موجود وہ مالی ماحول میں اسے اہم بناتا ہے۔

تاہم بھارت میں پاکستان کے سابق سفیر عبدالباسط نے پاکستان اور روس کے درمیان تعلقات کی بہتری کے امکانات کو خطاب قرار دیتے ہوئے اسے میڈیا اور بعض تھوتھی حلقوں کی خوش فہمی قرار دیا ہے کہ دونوں ممالک قریب آرہے ہیں جبکہ درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ ملٹیک میں عمران خان پوتن کے درمیان ایک مجبوری ملاقات ہوئی جس کی بہت زیادہ اہمیت نہیں ہوسکتی جبکہ دوسری طرف پوتن نے بھارتی زیدہ مودی کے ساتھ رسمی بات چیت کی اور دونوں ملکوں کے تعلقات پر بحث کی۔ ہمیں یاد رکھنا ہوگا کہ حالیہ مہینوں میں خصوصاً اور گزشتہ پانچ سال کے دوران خصوصاً پاکستان اور روس کے درمیان اقتصادی اور دفاعی شعبوں میں پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے۔

